DGK-G1-9-19

(اختیاری) گروپ پہلا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ قرآن مجید تقریباً نازل ہوا۔
(A) 10 سال (B) 20 سال (C) 14 سال (D) 23 سال

2۔ قرآن پاک ہدایت ہے۔
(A) عیسائیوں کے لیے (B) حاجیوں کے لیے (C) متقین کے لیے (D) نمازیوں کے لیے

3۔ اَلْغَیْبُ کا معنی ہے
(A) موجود (B) پوشیدہ (C) ظاہر (D) سفید

4۔ "خاتَمُ النَّبِیّٖن" صفت ہے۔
(A) حضرت موسیٰؑ کی (B) حضرت عیسیٰؑ کی (C) حضرت محمد ﷺ کی (D) حضرت نوحؑ کی

5۔ دَاعِیاً کے معنی ہیں۔
(A) دعوت دینے والا (B) سننے والا (C) ڈرانے والا (D) خاموش کروانے والا

6۔ رأس کا معنی ہے۔
(A) رونا (B) بنیاد (C) سونا (D) چھت

7۔ کِراماً کاتِبِیْن فرشتے ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

8۔ رسالت حاصل ہوتی ہے۔
(A) محنت سے (B) نوافل سے (C) فرائض سے (D) عطیہ الٰہی سے

9۔ تبلیغ کا معنی ہے۔
(A) وصول کرنا (B) پہنچانا (C) واپس کرنا (D) ڈرانا

10۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب ہے۔
(A) خلیل (B) حبیب (C) ذبیح (D) مسیح

11۔ قبا مدینے سے کتنے میل دور ہے۔
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

12۔ حضور اکرم ﷺ حجۃ الوداع کے لیے روانہ ہوئے۔
(A) 10 ہجری (B) 11 ہجری (C) 12 ہجری (D) 13 ہجری

13۔ کعبہ میں حجرِ اسود نصب فرمایا۔
(A) حضرت موسیٰ نے (B) حضرت عیسیٰؑ نے (C) حضرت محمد ﷺ نے (D) حضرت نوحؑ نے

14۔ حضور اکرم ﷺ رحم فرماتے
(A) بچوں پر (B) غلاموں پر (C) جانوروں پر (D) ان سب پر

15۔ جو خاص چیز کا نام ہو۔ کہلاتا ہے
(A) اسم (B) اسم معرفہ (C) اسم نکرہ (D) فاعل

ParhloPakistan.com

17 DGK-G1-9-19

نہم کلاس 12019

اسلامیات اختیاری ، گروپ پہلا

**حصہ انشائیہ**

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر=60

حصہ اول

| نمبر شمار | سوالات | نمبر شمار | سوالات |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر2 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | ترتیل سے کیا مراد ہے؟ | ۲ | معاملات میں کوئی سے چار احکامات قرآنی کے نام لکھیے۔ |
| ۳ | تسمیہ کا ترجمہ لکھیے۔ | ۴ | اسلام میں روزہ کسے کہتے ہیں |
| ۵ | حضرت عیسیٰؑ پر کون سا مقدمہ چلا اور اس وقت فلسطین پر کس کی حکومت تھی؟ | ۶ | آذر کون تھا اور اس کا عقیدہ کیا تھا؟ |
| ۷ | حضرت نوحؑ کا لقب کیا تھا اور کیوں؟ | ۸ | کنعان کون تھا اور اس کے والد کا نام کیا تھا؟ |
| سوال نمبر3 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | " الرَّحمٰن ۔ الرَّحِیم " کے معنی لکھیے۔ | ۲ | حضرت ابراہیمؑ کے دو بیٹوں کے نام لکھیے |
| ۳ | " حَدَثَ ۔ اَحسَنَ " کے معنی لکھیے | ۴ | قریش مکہ کن برائیوں میں مبتلا تھے وضاحت کیجئے۔ |
| ۵ | دعوتِ عام کی وضاحت کیجئے۔ | ۶ | میثاق مدینہ کے کوئی سے دو نکات تحریر کیجئے۔ |
| ۷ | مدینہ پہنچ کر حضور اکرم ﷺ کو کون سے مسائل پیش آئے؟ | ۸ | مؤنث کی تعریف کیجئے اور عربی میں ایک مثال دیجئے۔ |
| سوال نمبر4 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | نبی پاک ﷺ کے ساتھیوں کی کوئی دو اوصاف تحریر کیجئے۔ | ۲ | " سِرَاجٌ مُّنِیر " کی وضاحت کیجئے۔ |
| ۳ | صلہ رحمی کی وضاحت کیجئے۔ | ۴ | تکمیل دین کے متعلق ایک آیت کا ترجمہ لکھیے۔ |
| ۵ | حجر اسود کی تنصیب کے موقع پر کیوں جھگڑا ہوا؟ | ۶ | حضرت محمد ﷺ کے "حیا" کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔ |
| ۷ | فتح مکہ کے موقع پر نبی پاک ﷺ نے ابوسفیان سے کیسا سلوک کیا؟ | ۸ | جمع مذکر سالم سے کیا مراد ہے؟ |

حصہ دوم

سوال نمبر5۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے ۵+۵

(الف) هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ

(ب) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

(ج) وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓىٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا ۝

سوال نمبر6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ و تشریح کیجئے ۵

(الف) رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ ۔

(ب) اَنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَیْرِ كَفَاعِلِهٖ ۔

سوال نمبر7۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے جوابات تحریر کیجئے ۵+۵

(الف) حضرت نوحؑ کی تبلیغی کوششوں پر نوٹ لکھیے۔

(ب) مدینہ میں اشاعت اسلام پر نوٹ لکھیے۔

(ج) حضرت محمد ﷺ کے عہد شباب پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجئے۔ ۵ = ۲ + ۳

(الف) مؤنث لفظی کی تعریف کیجئے اور اس کی دو علامات بیان کیجئے۔

(ب) مفرد کی تعریف کیجئے اور عربی میں دو مثالیں دیجئے۔

ParhloPakistan.com